ilmkidunya

Urdu - 10th Class Urdu Chapter 24 Preparation

Q1. مطلع میں کس حقیقت کی طرف اشارہ کیا گیا ہے.

Ans 1: مطلع میں زندگی کی حقیقت کی طرف اشارہ کیا گیا ہے. زندگی میں انسان بہت سے لوگوں سے ملتا ہے مگر انسان کا دل ہر کسع سے تعلق قائم نہیں کر سکتا

Q2. پانچویں شعر میں مل کر نہ ملنے سے کیا مراد ہے

Ans 1: بعض اوقات انسان کئی برس دوسرے انسانوں کے ساتھ گزاردیتا ہے لیکن ان سے دلی روابط قائم نہیں ہوتے یا مل کر نہ ملنے سے مراد ادھوری ملاقات ہے جس میں محبوب سے ملاقات میں دل کی بات دل میں ہی رہ جائے

Q3. ہوش اور بے خودی کے ملنے سے دنیا کے کاروبار کیسے سنورتے ہیں

Ans 1: شاعر کے نزدیک عقل وشعور یعنی ہوش اور دیوانگی یعنی بے خودی اور عشق مل جائیں تو اس دنیا کے تمام کام سنور جاتے ہیں کیونکہ عشق سے طاقت ملتی ہے اور ہوش سے عمل ہوتا ہے

Q4. جگر مراد ابادی کی مشاعروں میں مقبولیت کی وجہ بیان کریں.

Ans 1: جگر مراد آبادی شاعروں میں بہت مقبول تھے. ان کی آواز بہت اچھی تھی- وہ شعر خوانی ترنم سے کرتے تھے اس لیے مشاعرہ لوٹ لیتے تھے.

Q5. پھولوں کا رنگ ہنس سے ملنے کا مفہوم واضح کریں.

Ans 1: شاعر کا محبوب مسکراتا ہوا بہت خوبصورت لگتا ہے-جیسے کھے ہوئےپھول خوبصورت دکھائی دیتے ہیں- محبوب کے ہنسنے سے شاعر کے دل پر بھی بہار آجاتی ہے.-یوں شاعر کو پھولوں کا رنگ محبوب کی ہنسی سے ملتا جلتا لگتا ہے

Q6. مل کے بھی جو کبھی نہیں ملتا اس شعر میں دوسرا مصرع کیا ہے

Ans 1: اس شعر کا دوسرا مصرع ہے ٹوٹ کر دل اسی سے ملتان ہے

Q7. پھولوں کا رنگ ہنسی سے ملنے کا مفہوم واضح کیجے

Ans 1: شاعر محبوب کے ہنسنے کے عمل کو کھلے ہوئے پھول سے تشبیہ دیتا ہے کیونکہ پھولوں کا کھلنا اور محبوب نے چہرے پر مسکراہٹ کا ایک ہی انداز ہے

Q8. جگر مراد آبادی کے خیال میں روح کو محبت کا مزہ کیسے ملتا ہے

Ans 1: جگرمراد آبادی کے خیال میں روح کو دل کی ہمسائیگی میں محبت کا مزہ ملتا ہے

Q9. نصاب میں شامل غزل جگر مراد آبادی کے کس مجموعہ کلام سے لی گئی ہے.

Ans 1: نصاب میں شامل غزل جگر مراد آبادی کے مجموعہ کلام"کلیات جگر" سے لی گئی ہے.

Q10. جگر مراد آبادی کہاں پیدا ہوے

Ans 1: جگر مراد آبادی بنارس میں پیدا ہوئے تھے